The Absolute Reality

www.quran4u.com

فَإِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَىٰ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ مَا سَعَىٰ

تو جب بڑی آفت آئے گی اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورۃ النازعات

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

ان (فرشتوں) کی قسم جو ڈوب کر کھینچ لیتے ہیں	.1
اور ان کی جو آسانی سے کھول دیتے ہیں	.2
اور ان کی جو تیرتے پھرتے ہیں	.3
پھر لپک کر آگے بڑھتے ہیں	.4
پھر (دنیا کے) کاموں کا انتظام کرتے ہیں	.5
(کہ وہ دن آ کر رہے گا) جس دن زمین کو بھونچال آئے گا	.6
پھر اس کے پیچھے اور (بھونچال) آئے گا	.7

اس دن (لوگوں) کے دل خائف ہو رہے ہوں گے	.8
اور آنکھیں جھکی ہوئی	.9
(کافر) کہتے ہیں کیا ہم الٹے پاؤں پھر لوٹیں گے؟	.10
بھلا جب ہم کھوکھلی ہڈیاں ہو جائیں گے (تو پھر زندہ کیے جائیں گے)	.11
کہتے ہیں کہ یہ لوٹنا تو (موجب) زیاں ہے	.12
وہ تو صرف ایک ڈانٹ ہوگی	.13
اس وقت وہ (سب) میدان (حشر) میں آ جمع ہوں گے۔	.14
بھلا تم کو موسیٰ کی حکایت پہنچی ہے	.15
جب ان کے پروردگار نے ان کو پاک میدان (یعنی) طویٰ میں پکارا	.16
(اور حکم دیا) کہ فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکش ہو رہا ہے	.17
اور (اس سے) کہو کیا تو چاہتا ہے کہ پاک ہو جائے	.18
اور میں تجھے تیرے پروردگار کا راستہ بتاؤں تاکہ تجھ کو خوف (پیدا) ہو	.19
غرض انہوں نے اس کو بڑی نشانی دکھائی۔	.20
اس نے جھٹلایا اور نہ مانا	.21
پھر لوٹ گیا اور تدبیریں کرنے لگا	.22
اور (لوگوں) کو اکھٹا کیا اور پکارا	.23
کہنے لگا کہ تمہارا سب سے بڑا مالک میں ہوں	.24
تو خدا نے اس کو دنیا اور آخرت (دونوں) کے عذاب میں پکڑ لیا	.25
جو شخص (خدا سے) ڈر رکھتا ہے اس کیلئے اس (قصے) میں عبرت ہے	.26

بھلا تمہارا ابنانا مشکل ہے یا آسمان کا؟ اسی نے اس کو بنایا	.27
اس کی چھت کو اونچا کیا پھر اسے برابر کر دیا	.28
اور اسی نے رات کو تاریک بنایا اور (دن کو) دھوپ نکالی	.29
اور اس کے بعد زمین کو پھیلا دیا	.30
اسی نے اس میں سے اس کا پانی نکالا اور چارا اگایا	.31
اور اس پر پہاڑوں کا بوجھ رکھ دیا	.32
یہ سب کچھ تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدے کے لیے (کیا)	.33
تو جب بڑی آفت آئے گی	.34
اس دن انسان اپنے کاموں کو یاد کرے گا	.35
اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی۔	.36
تو جس نے سرکشی کی	.37
اور دنیا کی زندگی کو مقدم سمجھا	.38
اس کا ٹھکانا دوزخ ہے	.39
اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور دل کو خواہشوں سے روکتا رہا	.40
اس کا ٹھکانا بہشت ہے	.41
(اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم! لوگ) تم سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہو گا؟	.42
سو تم اس کے ذکر سے کس فکر میں ہو؟	.43
اس کا منتہا (یعنی واقع ہونے کا وقت) تمہارے پروردگار ہی کو معلوم ہے	.44

جو شخص اس سے ڈر رکھتا ہے تم تو اسی کو ڈر سنانے والے ہو	.45
جب وہ اس کو دیکھیں گے (تو ایسا خیال کرینگے) کہ گویا (دنیا میں صرف) ایک شام یا صبح رہے تھے	.46

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com